Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 11 Short Questions Preparation

Q1. ثقافتی تغیر سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: روسک اینڈ وارن کے مطابق "ثقافت کے کسی بھی پہلو میں تبدیلہ کو ثقافتہ تغیر کہا جاتا ہے".ثقافتی تغیر کی مثالیں ٹی وی،انٹرنیٹ،فن آرٹ میں تبدیلی،معاشرے میں نئے معمولات کا پیدا ہونا ثقافتہ تغیر کی مثالیں ہیں.

Q2. سادہ خاندان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسا خاندان جس میں صرف میاں بیوی اور ان کے بچے رہتے ہوں. سادہ خاندان کہلاتا ہے.

Q3. ثقافتی مما ثلت کی تعریف کریں.

Ans 1: ہر ثقافت میں مماثلت پائی جا تی ہے.مختلف ثقافتوں میں بہت سے خواص کا مشترک پایا جانا ثقافتی مماثلت کہلاتا ہے.

Q4. مسجد کی کیا اہمیت تھی؟

Ans 1: مسجد کی اہمیت کو واضح کرنے کے لیے درج ذیل دو نکات کافی ہیں. 1.سوالی و حاجت مندوں کی معاشی ضروریات مسجدوں میں بھی پوری ہوتی ہیں. 2.مسجد افراد کو دینی تعلیم سے نوازتی ہے.

Q5. ثقافتی مماثلت کی دو وجوہات بیان کریں.

Ans 1: معاشرے میں رواج افراد کے یکساں کردار کی جہ سے وجود میں آتے ہیں جس سے معاشرے میں مماثلت پیدا ہوتی ہے جیسے لڑکی کو شادی پر جہیز دینا.بڑوں 1.کا ادب کرنا. 2.افراد اپنی ضروریات پوری کرنے کے لیے دوسرے افراد کے ساتھ تعاون کرتے ہیں جس سے گروہی زندگی وجود میں آتی ہے.اس طرح بہت سے افراد ایک ہی قسم کے کردار میں شامل ہو جاتے ہیں.

Q6. صنفی تناسب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: صنفی تناسب سے مراد 100 عورتوں کے مقابل مردوں کی تعداد ہے.

Q7. غیر ماوی ثقافت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: غیر مادی ثقافت سے مراد ایسی ثقافت ہے جس کو نہ چھوا جا سکتا ہے اور نہ دیکھا جا سکتا ہے جیسے خیالات.عقائد وغیرہ.

Q8. ثقافتی نفوس کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: جب کسی ثقافت کی خواص دوسری ثقافت میں اپنا لیے جائیں اور وہاں اس میں مقبول ہو جائیں تو اسے ثقافتی نفوذ کہتے ہیں.

Q9. ثقافتی اختلاف سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: مختلف ثقافتوں کے خواص میں اختلاف کا پایا جانا ثقافتی اختلاف کہلاتا ہے.

Q10. سمجھوتہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سمجھوتہ میں فریقین ایک دوسرے کو مراعات دے کر معاہدہ کر لیتے ہیں.عارضی طور پر مخالفت تھم جاتی ہے،طرفین مشترکہ طور پر مسئلہ پر غور کرتے ہیں جیسے شملہ معاہدہ پاکستان و ہند میں طے پایا تھا،پاکستان اور انڈیا کی کارگل کے مقام پر جنگ ہوئی لیکن بعد میں جنگ بندی کا معاہدہ طے پایا جوکہ امریکہ میں ہوا.